ان ڈرائیوروں کے لیے جن کا لائسنس معطل کیا گیا ہے

○ آپ کے پوائنٹس معطلی کی حد پر پہنچ گئے ہیں اس لیے آپ کا لائسنس معطل کر دیا گیا ہے۔

○ معطلی کی مدت کے دوران، آپ کو کار یا موٹر سائیکل چلانے کی اجازت نہیں ہے۔ **اگر آپ گاڑی چلاتے ہیں، تو اسے "بغیر لائسنس کے ڈرائیونگ" کا جرم سمجھا جائے گا اور آپ کو سخت سزا د ی جا سکتی ہے، حتیٰ کہ آپ کا ڈرائیونگ لائسنس منسوخ بھی ہو سکتا ہے، لہٰذا معطلی کی مدت کے دوران گاڑی نہ چلائیں۔**

○ نیچے دیا گیا چارٹ، ڈرائیونگ لائسنس کے متعلق انتظامی فیصلے کے لیے درکار پوائنٹس کا چارٹ ہے۔

انتظامی فیصلہ، گزشتہ تین سالوں کے کُل پوائنٹس اور ڈرائیونگ لائسنس کی پچھلی معطلیوں کی تعداد کی بنیاد پر کیا جاتا ہے۔ موجودہ معطلی ختم ہونے پر، پچھلے ریکارڈ میں ایک معطلی کا اضافہ ہو جائے گا۔ اگر پچھلی معطلیوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا ہے تو، کم پوائنٹس بھی سخت انتظامی فیصلے کا باعث بن سکتے ہیں، لہٰذا اب آپ زیادہ احتیاط اور محفوظ طریقے سے گاڑی چلائیں۔

○ اگر آپ تربیتی کا کورس کرتے ہیں (فیس لاگو ہوتی ہے)، تو آپ کے درجے کے لحاظ سے معطلی کے دنوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔

○ معطلی کے دنوں کی تعداد (90 دن یا اس سے زیادہ، 60 دن، 30 دن) کے لحاظ سے تربیتی دنوں کی تعداد، تربیتی مواد اور تربیت کی فیسیں مختلف ہوں گی۔

| پوائنٹس / پچھلا ریکارڈ | معطلی کی مدت | | |